# Pairing Scheme of Urdu Grade-11

## امتحانی پرچہ اُردو لازمی برائے گیارھویں جماعت (XI) کی تیاری کے لیے ہدایات

اُردو لازمی برائے گیارھویں جماعت (XI) کا پرچہ 100 نمبروں پر مشتمل ہو گا۔ معروضی طرز 20 نمبروں پر مشتمل ہو گا اور اس کا وقت 20 منٹ ہو گا۔ انشائی طرز 80 نمبروں پر مشتمل ہو گا اور اس کا وقت 2 گھنٹے 40 منٹ (2:40) ہو گا۔

**(نوٹ: بورڈ کے امتحان میں، مصنفین اور شعرا کے تعارف میں سے کسی قسم کا سوال نہیں پوچھا جائے گا۔)**

پرچہ مرتبین درج ذیل ہدایات کو پیشِ نظر رکھیں:-

## معروضی طرز

| سوال | نمبر | ہدایات |
|---|---|---|
| **سوال:1**<br>کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) | کل نمبر:20 | **نصابی کتاب:**<br>مجوزہ حصہ نثر میں سے پانچ (5) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔ ہر ایک سبق میں سے ایک سے زیادہ کثیر الانتخابی سوال نہ بنایا جائے۔<br>**حصہ قواعد:**<br>اس حصے میں کُل پندرہ (15) سوالات ہوں گے:<br>• تذکیر و تانیث کی اغلاط **(پیکٹا (PECTAA) کی تیار کردہ اُردو قواعد و انشا، ص 25 تا 26)** اور محاورات **(پیکٹا (PECTAA) کی تیار کردہ اُردو قواعد و انشا، ص 35 تا 47)** سے متعلق پانچ (05) کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔<br>• **علمِ بیان** (تشبیہ، استعارہ، مجازِ مرسل، کنایہ) اور **علمِ بدیع** (صنعتِ تلمیح، صنعتِ مراعات النظیر اور صنعتِ تضاد) میں سے پانچ کثیر الانتخابی سوالات ترتیب دیے جائیں۔<br>**(پیکٹا (PECTAA) کی تیار کردہ اُردو قواعد و انشا، ص 55 تا 59)** |

PECTAA

| | | |
|---|---|---|
| • **شعری اصطلاحات** (مصرع، شعر، قافیہ، ردیف، مطلع اور مقطع) میں سے پانچ (05) کثیر الانتخابی سوالات ترتیب دیے جائیں۔ **(پیکٹا (PECTAA) کی تیار کردہ اُردو قواعد وانشا، ص 62 تا 63)** | | |

## انشائی طرز

| ہدایات | نمبر | سوال |
|---|---|---|
| **(حصہ اوّل)**<br>**(الف) حصہ نظم:**<br>مجوزہ چھے نظموں (حمد، نعت، اے وادیِ لولاب، او دیس سے آنے والے بتا!، آزادی اور اخلاص) میں سے کوئی دو نظموں کے دو اجزا کا انتخاب کیا جائے۔ نظم سے دو اشعار تشریح کے لیے منتخب کریں۔ طلبہ ان میں سے کسی ایک جز کی تشریح کریں گے۔<br>**نمبروں کی تقسیم:**<br>نظم کا عنوان: 01 نمبر<br>شاعر کا نام: 01 نمبر<br>تشریح: 08 نمبر<br>**(ب) حصہ غزل:**<br>دو غزلیہ اجزا (تین تین اشعار پر مبنی) دو الگ الگ غزلوں میں سے انتخاب کریں، طلبہ کو ان میں سے کسی ایک جز کی تشریح کرنے کی ہدایت کریں۔<br>**نمبروں کی تقسیم:**<br>شاعر کا نام: 01 نمبر<br>تشریح: (03+03+03)09 نمبر | کل نمبر: 20<br>جز (الف): 10 نمبر<br><br>جز (ب): 10 نمبر | **سوال: 2**<br>اشعار کی تشریح<br>(نظم و غزل) |

PECTAA

| | | |
|---|---|---|
| **سوال:3**<br>پیراگراف کی تشریح مع سیاق وسباق اور حوالۂ متن | کل نمبر:15 | **(حصہ دوم)**<br>مجوزہ آٹھ (08) نثری اسباق (اخلاقِ نبویؐ، فاقہ میں روزہ، مکاتیبِ غالب، ایک اُستاد عدالت کے کٹہرے میں، اور پاکستان بن گیا، نیا قانون، دہلیز اور تاریخ کا کفن) میں سے کوئی دو پیراگراف تشریح کے لیے دیے جائیں۔ طلبہ دو میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں گے۔<br>**نمبروں کی تقسیم:**<br>مصنف کا نام: 01 نمبر<br>سبق کا نام: 01 نمبر<br>سیاق وسباق: 03 نمبر<br>تشریح: 10 نمبر |
| **سوال:4**<br>نثری سبق کا خلاصہ | کل نمبر:10 | مجوزہ آٹھ (08) نثری اسباق (اخلاقِ نبویؐ، فاقہ میں روزہ، مکاتیبِ غالب، ایک اُستاد عدالت کے کٹہرے میں، اور پاکستان بن گیا، نیا قانون، دہلیز اور تاریخ کا کفن) میں سے کوئی دو اسباق کا خلاصہ پوچھا جائے گا۔ طلبہ ان میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں گے۔<br>**نمبروں کی تقسیم:**<br>مصنف کا نام: 01 نمبر<br>خلاصہ سبق: 09 نمبر |
| **سوال:5**<br>نظم کا خلاصہ / مرکزی خیال | کل نمبر:05 | مجوزہ چھے (06) نظموں میں سے دو نظموں کا انتخاب کیا جائے گا اور طلبہ کو کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال تحریر کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**نمبروں کی تقسیم:**<br>شاعر کا نام: 01 نمبر<br>خلاصہ نظم یا مرکزی خیال: 04 نمبر |
| **سوال:06**<br>مکالمہ / روداد / روزنامچہ | کل نمبر:10 | شاملِ نصاب مکالموں، روداد نویسی اور روزنامچوں (بالترتیب، **پیکٹا (PECTAA) کی تیار کردہ اُردو قواعد وانشا، ص100 تا 113، ص129 تا 140 اور ص140 تا 145**) میں سے مکالمہ یا روداد میں سے |

PECTAA

| | | |
|---|---|---|
| | | کوئی ایک تحریر کرنے کو کہیں یا پھر مکالمہ یا روزنامچہ کا انتخاب کرنے کی صورت میں دونوں میں سے کوئی ایک لکھنے کی ہدایت کریں۔ |
| **سوال:7**<br>درخواست نویسی / رسید نگاری | کل نمبر:10 | اُردو قواعد وانشا میں شامل تمام درخواستیں (نمونہ و مجوزہ) اور نمونے کی رسیدات میں سے ایک درخواست اور ایک رسید کا انتخاب کیا جائے۔ طلبہ درخواست یا رسید میں سے کوئی ایک تحریر کریں گے۔ **پیکٹا (PECTAA) کی تیار کردہ اُردو قواعد وانشا، ص90 تا99۔**<br>**نمبروں کی تقسیم برائے درخواست نویسی:**<br>طرزِ تخاطب:01 نمبر، موضوع / عنوان:01 نمبر، جنابِ عالی!:01 نمبر، نفسِ مضمون:05 نمبر، درخواست گزار کا نام و پتا: 01 نمبر، تاریخ:01 نمبر<br>**نمبروں کی تقسیم برائے رسید نگاری:**<br>باعثِ تحریر آں کہ:01 نمبر<br>نفسِ مضمون:05 نمبر<br>العبد:01 نمبر<br>گواہ شد (1):01 نمبر<br>گواہ شد (2):01 نمبر<br>تاریخ:01 نمبر |
| **سوال:8**<br>تلخیص نگاری | کل نمبر:10 | **پیکٹا (PECTAA) کی تیار کردہ اُردو قواعد وانشا، ص75 تا79** میں تلخیص کی غرض سے شامل عبارات (نمونہ و مجوزہ) میں سے ایک عبارت دی جائے، طلبہ عبارت کی تلخیص اور عبارت کا موزوں عنوان تحریر کریں گے۔<br>**نمبروں کی تقسیم:**<br>موزوں عنوان:02 نمبر<br>تلخیص عبارت:08 نمبر |

PECTAA